ilmkidunya
علم کی دنیا

Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. بچے پر سکول کے ماحول کے اثرات بیان کریں.

Ans 1: بچہ سکول جاتا ہے جہاں اس کے اپنے محلے کے علاوی دوسرے محلوں کے بچے بھی موجود ہوتے ہیں،علاوہ ازیں وہاں استاد بھی موجود ہوتے ہیں لہذا وہ اس ماحول یعنی تعلیم،کتب،اساتذہ اور ہم جماعت ساتھیوں سے بہت کچھ سیکھتا ہے اور حاصل کرتا ہے.

Q2. توارث کے اصول مشابہت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: توارث کے اصول کی بنیاد یہ ہے کہ مشابہ چیزوں سے مشابہ چیزیں جنم لیتی ہیں،دوسرے الفاظ میں یہ کہاجاسکتا ہے کہ بچے کئی لحاظ سے اپنی عمر اور نسل کے بچوں کی نسبت اپنے والدین سے زیادہ مشابہ ہوتے ہیں.تحقیقات سے یہ بات ثابت ہو چکی یہ کہ عام طور پر ذہین والدین کے بچے ذہین. متوسط والدین اور کند ذہن والدین کے بچے کند ذہن ہوتے ہیں.

Q3. ایک انسانی تخمی خلہ میں کتنے جوڑے اور ہر جوڑے میں کتنے جینز ہوتے ہیں؟

Ans 1: ایک انسانی تخمی خلہ میں 3 2جوڑے ہوتے ہیں اور ہر جوڑے میں ان کی ان گنت جینز ہوتے ہیں.

Q4. بچوں میں کس قسم کے انفرادی اختلافات پائے جاتے ہیں.

Ans 1: بچوں میں درج ذیل انفرادی اختلافات پائے جاتے ہیں. 1.جسمانی اختلافات 2.ذہنی اختلافات 3.رجحانات اور صلاحیتوں کے اختلافات 4.جزباتی اختلافات

Q5. اینڈرسن کے نزدیک نشونما کیسا عمل ہے؟

Ans 1: اینڈرسن کے نزدیک نشونما ایک ایساعمل ہے جس میں جسمانی بناوٹ کئی انچوں کے اعتبار سے بڑھو تری کو ہی نہیں دیکھا جاتا یا اسے قابلیت میں مقدار تبدیلی کا ہی نام نہیں دیا جاتا بلکہ یہ ایک مربوط اور پیچیدہ عمل ہے جس میں بہت سی بناوٹوں اوراعمال و افعال کو ایک دوسرے سے سمجھنے کی کوشش کی جاتی ہے.

Q6. بچوں میں جذباتی اختلافات کے باررے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

Ans 1: بچے جذباتی لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں،تمام بچوں میں مختلف نوعیت کے جذبات موجود ہوتے ہیں،بعض کے جذبات شدید نوعیت کے ہوتے ہیں اور بعض جذبات پر قابو پالیتے ہیں.

Q7. بچوں کی نشونما سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: بچوں کی نشونما کا سلسلہ بچوں کی پیدائش سے شروع ہو کرتمام عمر جاری رہتا ہے.نشونما کا مطلب وہ تمام تبدیلیاں‌ہیں جو کسی فرد میں اس عرصے کے دوران آتی ہیں یعنی نشونما ان تمام جسمانی ذہنی ،معاشرتی اور جذباتی تبدیلیوں کا باظابطہ مطالعہ ہے .

Q8. ذہین بچوں کی خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: ذہین بچے ایسے طلباء ہوتے ہیں جو اپنی عقل اور بصیررت کے سبب اپنے ہم عمر سے بڑھ چڑھ کر تعلیمی کام میں دلچسبی لیتے ہیں اور اعلی ترین کارگردگی کا

مظاہرہ کرتے ہیں،وہ نہ صرف تعلیمی میدان میں پیش پیش ہوتے ہیں بلکہ وہ اپنی عقل و سمجھ سے اپنے دیگر مسائل بھی خود حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں،

Q9. پختگی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: پختگی سے مراد وہ منزل لی جاتی ہے کہ کوئی عضو یہ کب کسی جبلی یا اکتسابہ فعل کو کرنے کے قابل ہو جاتا ہے.

Q10. ذہانت کی پیمائش کا طریقہ کیا ہے؟

Ans 1: ذہانت کی پیمائش کے لیے ماہرین نے ایک کلیہ ترتیب دیا ہے اس کی مدد سے بچے کی ذہنی سطح کو اندازہ کیا جا سکتا ہے. مقیاس ذہانت=ذہنی عمر ÷ طبعی عمر × 100